سوال

(100) کیا نبی کریم ﷺ سے فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا ثابت ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول اللہ ﷺ سے فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا ثابت ہے، مجھے کچھ لوگوں نے بتایا ہے کہ آپ فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا نہیں مانگا کرتے تھے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم ﷺ سے فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعاء مانگنا ثابت نہیں ہے، ہمارے علم کی حد تک حضرات صحابہ کرامؓ میں سے بھی کسی سے ایسا ثابت نہیں ہے، جو لوگ فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعاء مانگتے ہیں تو یہ بدعت ہے۔ جس کا کوئی ثبوت نہیں اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا امر نہیں ہے تو وہ مردود ہے۔ (صحیح مسلم) نیز نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ ''جس نے ہمارے اس امر (دین) میں کوئی ایسی نئی بات ایجاد کر لی جو اس میں سے نہ ہو تو وہ مردود ہے۔''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص239

محدث فتویٰ